# 8926 ـ كفار يا شيطان كے كردار كى اداكارى كرنے كا حكم

**سوال**

بہت سارے دینی ڈراموں کا ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ اس میں مشرکین کا کردار پیش کیا جاتا ہے، اور ان کی زبان بولی جاتی ہے، تو مشرکوں کی زبان بولنے والے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

کسی بھی حال میں جائز نہیں، اور نہ ہی کسی مسلمان شخص کے جائز ہے کہ وہ اللہ تعالی اور اس کے رسول اور دین اسلام کے دشمن کافر یا مشرك میں سے کسی کی مشابہت کرے، اور نہ ہی اس کے لائق ہے کہ وہ اپنے آپ کو شیطان یا ابلیس کی مشابہت دے جو کہ پوری انسانیت کا دشمن ہے.

تو کسی بھی مسلمان شخص کے لیے جائز نہیں کہ وہ اس طرح کا فعل سرانجام دے، اور وہ ابو جہل یا عتبہ یا ربیعہ وغیرہ بن کر کفریہ کلام کرے، یا اس طرح کا کوئی اور کردار.

اللہ تعالی ہی زیادہ علم رکھنے والا ہے.